ہیں۔ البتہ کتاب کا معیار کتابت وطباعت فروتر ہے۔

رسول نمبر ماہ نامہ خاتونِ پاکستان | مدیر: شفیق بریلوی۔ ہدیہ دس روپیہ۔ ضخامت: ۹۹۲ صفحات۔
پتہ: پوسٹ بکس ۱۹۹۱۷۔ صدر۔ کراچی ۳

ماہ نامہ "خاتونِ پاکستان" کراچی کے مدیر جناب شفیق بریلوی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے ہیں اور ان کی اس عقیدت ومحبت کا اظہار ان کے سارے خاتونِ پاکستان کے متعدد رسول نمبروں سے ہوتا ہے۔ عشق رسول کے ساتھ ساتھ وہ ملت کا درد اور اصلاح کی تڑپ بھی اپنے دل میں رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے مرتب کردہ رسول نمبروں میں ایک مقصدیت کارفرما نظر آتی ہے۔

زیر نظر رسول نمبر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے ہر پہلو پر نہایت قیمتی مضامین جمع کر دیے گئے ہیں۔ لکھنے والوں میں قدیم وجدید اور ملکی وغیر ملکی علماء، فضلاء و صوفیاء و ادباء غرض ہر مشرب ومسلک کے بزرگوں کا اجتماع نظر آتا ہے جس سے یہ حقیقت مترشح ہوتی ہے کہ یہ امت خواہ کتنے ہی اختلافات میں الجھی ہوئی کیوں نہ ہو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عقیدت ومحبت سب کے لیے سرمایۂ حیات ہے۔

اسلامی اصولِ صحت | مصنف: فضل کریم خاراں بی۔ اے دعلیگ، ایل۔ ایل۔ بی۔ ناشر: ادارۂ ثقافت اسلامیہ۔ کلب روڈ۔ لاہور۔ قیمت: ساڑھے تین روپیہ۔ ضخامت: ۲۲۰ صفحات۔

دینِ فطرت نے جہاں ہمیں آدابِ بندگی سکھائے ہیں وہاں آدابِ زندگی بھی سکھائے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ صحت وصفائی کے جو اصول مغرب نے اس بیسویں صدی میں عقل وتجربے کی مدد سے علوم وفنون کی روشنی میں معلوم کیے ہیں، ان سے کہیں زیادہ بہتر اور کہیں زیادہ مکمل اصول اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم، نے ہمیں آج سے چودہ سو برس پہلے سکھا دیئے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمان قوم کا ایک ناخواندہ شخص بھی پاکیزگی وطہارت اور صحت وصفائی کا جو اہتمام رکھتا ہے، مغرب کے اچھے اچھے پڑھے لکھے افراد اس سے عاری نظر آئیں گے پھر فرق صرف اتنا ہی نہیں ہے، مغرب میں صحت و